۲۔کمپیوٹر کا ارتقائی سفر

سوالات وجوابات

سوال:۔کمپیوٹر سے کیا کیا کام لیے جارہے ہیں؟

جواب: کمپیوٹر آج کی ترقیاتی زندگی کا اہم ترین حصہ ہے۔چنانچہ جہاز، ریڈیو، ٹیلی فون، ٹیلی ویژن، ریل گاڑی، چھاپہ خانہ، اخبارات وغیرہ ہر جگہ کمپیوٹر سے کام لیا جارہا ہے۔

سوال:۔کمپیوٹر کسے کہتے ہیں؟

جواب: کمپیوٹر ایک ایسی مشین کو کہا جاتا ہے جو حساب لگانے کا کام کرتی ہے۔

سوال:۔پہلا الکٹرانک کمپیوٹر کب بنا تھا؟

جواب 1919ء کے لگ بھگ پہلا الکٹرانک کمپیوٹر بنا تھا۔

سوال:۔آج کے دور میں کتنی قسم کے کمپیوٹر بنائے جاتے ہیں؟

جواب: آج کے دور میں عام طور سے دو قسم کے کمپیوٹر بنائے جاتے ہیں ،جن میں سے ایک قسم کو ڈجی ٹل/ڈیجیٹل کمپیوٹر Digital Computer یعنی ہندسوں کا کمپیوٹر کہا جاتا ہے اور دوسری قسم کو اینالاگ کمپیوٹر Analog Computer کہا جاتا ہے ۔ویسے Hybrid Computet (ہائبرڈ کمپیوٹر) اور Suprer Computer (سوپر کمپیوٹر) بھی موجودہ دور کی پیداوار ہیں۔

سوال:۔ایک کمپیوٹر کو کتنے حصوں میں بانٹا جاسکتا ہے؟

جواب: ایک کمپیوٹر کو مندرجہ ذیل پانچ حصوں میں بانٹا جاسکتا ہے:

۱ حصۂ برآمد (Out Put) ۲ حصۂ درآمد (In Put) ۳ حصۂ حساب وکتاب

۴ کنٹرول یونٹ ۵ حصۂ ذخیرہ یا مال گودام

سوال:۔تیسری نسل کا کمپیوٹر کتنی مدت تک استعمال ہوتا رہا؟

جواب: تیسری نسل کا کمپیوٹر 1960ء سے لیکر 1970ء تک یعنی دس سال کی مدت تک استعمال ہوتا رہا۔

جواب لکھیے!

آج کل کمپیوٹر کے نئے نئے ماڈل اتنی کثیر تعداد میں منظر عام پر آرہے ہیں کہ ان کی گنتی مشکل ہے۔پھر بھی چند اہم اور کثیر الاستعمال نئے ماڈل کے کمپیوٹر کی فہرست درج ذیل ہے:

۱	ڈیسک ٹاپ	Desktop Computer	1
۲	لیپ ٹاپ	Laptop	2
۳	پام ٹاپ	Palmtop	3
۴	آئی-پیڈ	I-pad	4
۵	ٹیبلیٹ	Tablet	5